نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

امریکہ نے پاکستانی آم بڑے پیمانے پر درآمد کرنے کے لئے منصوبہ تیار کر لیا، تین ریڈیشن پلانٹ نصب

پاکستانی خوش ذائقہ اور لذیذ آم دنیا کے دیگر ممالک میں بھی درآمد کیا جائے گا، پاکستانی آم کو نئی منڈیاں ملیں گی

لاہور: 24 فروری 2017 (   ) پاکستانی خوش ذائقہ اور لذیذ آم دنیا بھر میں بڑے پیمانے پر برآمد کیا جائے گا۔ امریکہ کی تین ریاستوں (مشی پی، ٹیکساس اور لووا) میں آم درآمد کرنے کے لئے ریڈیشن پلانٹ نصب کر دیئے گئے ہیں۔ یہ ریڈیشن پلانٹس لگنے سے آموں کی برآمدات کے لئے پاکستانی تاجروں کو نیا موقع میسر آ گیا ہے۔ امریکہ میں پاکستانی آم کی بہت مانگ ہے لیکن امریکہ ریڈیشن کیا گیا آم ہی درآمد کرتا ہے۔ مذکورہ تین ریڈیشن پلانٹس نصب کرنے کے بعد اب پاکستان سے آم بغیر ریڈیشن امریکہ بھجوایا جا سکتا ہے۔ امریکہ کے مختلف شہروں میں لگے ریڈیشن پلانٹس کے ذریعہ ان آموں کو ریڈیشن کر کے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ پاکستان آم پیدا کرنے والے ممالک میں چھٹے نمبر پر ہے اور صرف پنجاب میں دو لاکھ 71 ہزار 700 ایکٹر رقبہ پر آم کے باغات ہیں جن سے سالانہ 12 لاکھ 80 ہزار ٹن پیداوار حاصل ہوتی ہے۔ امریکہ کے سٹوروں پر پاکستانی آم کی بہت مانگ ہے اور اگر مسلسل آم فراہم کیا جائے تو امریکہ میں اس کی مزید مانگ بڑھ سکتی ہے۔ زرعی ماہرین کے مطابق آم کے تاجروں کو کم قیمت پر آم امریکہ برآمد کرنا چاہیے تا کہ وہاں موجود منڈی کو کوئی دوسرا ملک کم قیمت پر آم مہیا کر کے قبضہ نہ کر لے۔

☆☆☆